# اردو

# Urdu (206)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

---

نوٹ: (i) تمام سوالات لازمی ہیں، ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اپنا رول نمبر، اسٹڈی سینٹر کا نام اور مضمون کا نام صاف الفاظ میں لکھیں۔

سوال۔1 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھئے۔ 2

(الف) تہذیب کی تعریف بیان کیجئے۔ (سبق نمبر ۳)

یا

(ب) اردو تہذیب ہے یا زبان یا دونوں، چند جملوں میں وضاحت کیجئے۔ (سبق نمبر ۵)

سوال۔2 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھئے۔ 2

(الف) مرکب الفاظ کسے کہتے ہیں، اِضافت لگا کر پانچ مرکب الفاظ بنائیں۔ (سبق نمبر ۳)

یا

(ب) اردو اور ہندی کے درمیان مختلف سطحوں پر جو اشتراک ہے، اسے واضح کیجئے۔ (سبق نمبر ۵)

سوال۔3 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھئے۔ 2

(الف) 'پورے چاند کی رات' کی روشنی میں واضح کیجئے کہ سچی محبت کی بنیاد کن چیزوں پر قائم کی جاسکتی ہے۔ (سبق نمبر ۱۱)

یا

(ب) غالب کے خطوط کی خصوصیات وضاحت کے ساتھ بیان کیجئے۔ (سبق نمبر ۱۴)

سوال۔4 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھئے۔ 4

(الف) افسانہ اور ناول کے مقابلے میں ڈراما حقیقت کے قریب کیوں ہوتا ہے؟ وضاحت کے ساتھ بیان کیجئے۔ (سبق نمبر ۱۵)

یا

(ب)
ہم جس پر مر رہے ہیں، وہ ہے بات ہی کچھ اور
عالم میں تجھ سے لاکھ سہی، تو مگر کہاں
ہوتی نہیں قبول دعا ترک عشق کی
دل چاہتا نہ ہو، تو دعا میں اثر کہاں

(i) مندرجہ بالا اشعار کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھئے۔ (سبق نمبر ۱۸)

(ii) مقطع کی تشریح اپنے لفظوں میں کیجئے۔

سوال۔5 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھئے۔ 4

(الف) تمثیل کیا ہے واضح کریں اور فراق کے اسلوب کی خوبیاں وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔ (سبق نمبر ۲۰)

یا

(ب) کشمیر کے بارے میں چند جملے لکھئے اور نظم کشمیر میں ”اک آن میں صحت ہو، جو برسوں کا ہو بیمار“ سے شاعر کی کیا مراد ہے، واضح کیجئے۔ (سبق نمبر ۲۱)

سوال۔6 پروجیکٹ ورک۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 500 الفاظ میں لکھئے۔ 6

(الف) درخواست کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟ درخواست کے اجزائے ترکیبی کون کون سے ہوتے ہیں؟ رفاہ عامّہ سے متعلق ایک درخواست لکھیں۔ (سبق نمبر ۲۸)

یا

(ب) M.S. Access پروگرام کسے کہتے ہیں تفصیل سے لکھئے اور اردو سافٹ ویئر کی تفصیل لکھیں۔ (سبق نمبر ۲۹)

❑❑❑